

# برگد کا تعارف

**مختلف نام :۔**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو | برگد | پنجابی | بوہڑ | بنگلہ | بٹ |
| مرہٹی | برھڑ | گجراتی | برڑ | ہندی | بڑھ |
| فارسی | درخت ریشہ | سنسکرت | رکت پھل | عربی | کبیرالاشجار |

انگریزی بین ین BANYAN لاطینی ۔فائکس انڈیکس FICUS INDICUS

**ماھیت :۔** برگد کا درخت بہت گھنا اور اونچا ہوتا ہے اس کی اونچائی ۷۰ فٹ سے ۱۰۰ فٹ تک ہوتی ہے ۔ بعض درخت اتنے بڑے ہوتے ہیں کہ ان کے نیچے ہزارہا آدمی آرام کر سکتے ہیں۔

**پتے :۔** ابتدا میں ریشم کی طرح نہایت نرم اور سرخ رنگت لیے ہوئے ہوتے ہیں ۔لیکن بعد میں سبز ہو جاتے ہیں۔ یہ بہت بڑے اور موٹے ہوتے ہیں اور پھاگن یا چیت کے مہینوں میں نکلتے ہیں۔

**پھل :۔** اس کا پھل گول ہوتا ہے بالکل بیر کی طرح ۔ابتدا میں اس پر روئیں ہوتے ہیں ۔پکنے کے بعد یہ سیاہی مائل سرخ ہو جاتے ہیں ۔ان کا ذائقہ شیریں ہوتا ہے ۔ اسے بڑ بنٹے ، برٹولی ، بڑ بائی یا بوٹے کہتے ہیں۔

**ریش برگد :۔** اس کی شاخوں سے بہت سے باریک ریشے نکلتے ہیں ، جن کو ریش برگد یا برگد کی داڑھی کہتے ہیں ۔ پھر یہ بڑھتے بڑھتے زمین تک

NATURAL HERBAL AL-SHFA PHARMA®

پہنچ جاتی ہے اور اس میں گھس کر اس کی نشو و نما کا ایک علیحدہ سلسلہ بن جاتا ہے اس کو برگد کی جٹائیں کہتے ہیں۔

**طبیعت :-** سرد خشک - شیر برگد زیادہ سرد ہے۔

**تاریخ :-** برگد پاک و ہند کا ایک سایہ دار درخت ہے جو چھتری کی طرح ایک بہت بڑے رقبے کو گھیر لیتا ہے۔ چونکہ اس کا تنا اس تمام پھیلے ہوئے چھتر کو جو شاخوں اور ٹہنیوں سے بنا ہوتا ہے سہار نہیں سکتا۔ اس لیے اس کی شاخوں سے بہت سے لمبے لمبے ریشے لٹک کر زمین کے اندر دھنس جاتے ہیں۔ ان جڑوں کو ہوائی جڑیں کہہ سکتے ہیں۔ دریائے چناب کے کنارے اس درخت کے پیڑ اس قدر پھیل جاتے ہیں۔ کہ تمام گاؤں اس کے نیچے سما جاتا ہے۔ پشاور میں ہیوسانگ کے زمانے میں بڑ کا ایک درخت تھا جس کے نیچے بہت گھنی آبادی تھی۔ اب بھی پشاور منڈی میں ایک بہت بڑا درخت کھڑا ہے۔ سکندر اعظم کے زمانے کے ایک مورخ لکھتے ہیں۔ کہ انہوں نے پنجاب میں اس قدر بڑے بڑے درخت دیکھے۔ جن کے نیچے سکندر کی تمام فوج سما گئی۔

گوتم بدھ نے گیا کے مقام پر جس درخت کے نیچے گیان حاصل کیا تھا وہ بھی برگد ہی کا درخت تھا اور اب سے چند سال پہلے تک موجود تھا۔

فیروز سنز کے مطبوعہ اردو انسائیکلو پیڈیا میں برگد کے بارے میں درج ہے کہ بڑ ایک شاندار درخت ہے۔ جب اس کے پرانے پتے جھڑ جاتے ہیں تو ان کے نشان باقی رہ جاتے ہیں۔ نئی کونپلوں کی حفاظت پر نما پتے گرتے

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

ہیں۔ جب کونپلیں نکل آتی ہیں، تو گرمی سے حفاظت کی ضرورت نہیں رہتی۔ اور پتے خود بخود جھڑ جاتے ہیں۔

موسم سرما میں پیڑ پر بڑبنٹے لگتے ہیں۔ اور ہر پتے کی ڈنڈی کے حصے پہ اِن کا ایک جوڑا ہوتا ہے۔ لیکن یہ پھول نہیں ہوتے اگرچہ ابتدا میں یہ پھول ہی ہوتے ہیں۔

ایک پکے بڑبنٹے کو تراشا جائے تو چاروں طرف ننھے ننھے پھول نکلتے نظر آئیں گے۔ جب یہ پک کر سرخ ہو جاتا ہے تو بیج بھر جاتے ہیں۔ اور پرندے اِن کو بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ بڑبنٹے کے بالائی حصے میں ایک سوراخ ہوتا ہے۔ جس کے ذریعے بھڑ جیسے کیڑے اندر انڈے دے دیتے ہیں۔ اور اِن انڈوں سے جب کرم باہر آتے ہیں۔ تو زردانے لے کر دوسرے پھول میں داخل کر دیتے ہیں۔ اس طرح سے یہ پھول بارآور ہو جاتے ہیں۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

# سر کی بیماریاں

سر کی بے انتہا بیماریوں میں سے جن جن امراض میں برگد سے بطور دوا فائدہ حاصل کیا جاتا ہے۔ وہ ہم علاج درج ذیل ہیں۔ حسب موقعہ آزما کر فیض یاب ہوں۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## نسیان

اگر حافظہ نہایت کمزور ہوگیا ہو۔ اور یاد کی ہوئی باتیں دل سے اُتر جاتی ہوں۔ تو مرض نسیان خیال کرنا چاہیے۔ اس کے لیے ذیل کا نسخہ دیں۔

## (۱) آسان نسخہ:

**ھوالشافی:۔** برگد کا چھلکا حسب ضرورت لے کر سایہ میں خشک کریں اور پھر باریک پیس کر اس میں سے ۱۰ تولہ چھلکا اور کھانڈ یا مصری ۲۰ تولہ لے بیس ملا کر رکھیں۔ اور اس میں سے چھ چھ ماشہ کی پڑیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:۔** ایک پڑیہ بوقت صبح اور ایک رات کو سوتے

وقت گائے کے آدھ سیر گرم گرم دودھ سے استعمال کیا کریں۔

**پرہیز**:۔ ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

**فوائد**:۔ نسیان کو دور کرنے کی بفضلہ خاص چیز ہے۔ قوتِ حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

## حبوب ست برگد:

حسب ترکیب نمبر ۱ برگد کا ست نکال کر رتی رتی کی گولیاں بنالیں اور اوپر چاندی کے ورق لگاکر احتیاط سے رکھیں۔

**ترکیب استعمال**:۔ ایک گولی صبح و شام دودھ سے کھایا کریں۔

**فوائد**:۔ مقوی دماغ، دافع نسیان و خیالات فاسدہ ہیں۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## چکر آنا

اگر چکر آتا ہو۔ یا بیٹھے بیٹھے اٹھنے سے آنکھوں کے روبرو اندھیرا سا چھا جاتا ہو یا تمام چیزیں گھومتی ہوں۔ تو ان سب کے لیے ہی ذیل کی گولیاں مفید ہیں۔

**ھوالشافی**:۔ حبوب ست برگد ایک سے دو گولیاں بوقت صبح بادام اور قدرے خشخاش کی سے دیا کریں۔ ان شاء اللہ آرام ہوگا۔ ست برگد

کے طریق پر یہ گولیاں تیار کریں۔

## سہل چٹکلہ:

اگر ست برگد تیار نہ ہو۔ تو ذیل کے چٹکلہ پر عمل کریں۔ اس سے وہی فوائد حاصل ہوں گے۔

**ھوالشافی:۔** برگد کے نرم نرم پتے ۲ تولہ پاؤ بھر پانی میں گھوٹ چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## گنجا پن

اگر کسی شخص کے سر پر بال نہ ہوں تو وہ بہت ہی بُرا معلوم ہوتا ہے۔ خصوصاً جس کو مرض گنج ہو جائے۔ تو وہ نہایت ہی حقیر خیال کیا جاتا ہے لوگ اس سے گھن کرتے ہیں۔ اور اس پر طرّہ یہ کہ گنجا آدمی شرارتی بھی خیال کیا جاتا ہے۔

لہٰذا ہم ایک آسان سی دوا عرض کرتے ہیں۔ جس سے بفضلہ اس مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ گویا دوسرے معنوں میں آدمی ایک بے عزتی سے بچ جاتا ہے۔

(۵)

ھو الشافی :- برگد کے پتے لے کر السی کے تیل میں پھونک لیں اور صبح و شام گنج پر ملا کریں۔ اگر اللہ کا فضل شامل حال ہوا۔ تو بال اُگ آئیں گے۔ نہایت آسان نسخہ ہے۔

## ۶ برگد کا تیل :

بالوں کو لمبا کرنے کے لیے برگد کا تیل بھی مفید ہے۔ ترکیب تیاری ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

برگد کے پتوں کو پانی سے دھو کر صاف کریں پھر اچھی طرح کھرل کر کے آگ پر گرم کریں۔ تھوڑی دیر میں تیل علیحدہ ہو جائے گا۔ یہ تیل حسب ضرورت سر پر لگائیں۔ گنج کے لیے مفید ہے۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

# نزلہ و زکام

نزلہ و زکام عالمگیر بیماریاں ہیں۔ لوگ ان کے لیے چائے کو اکسیر خیال کرتے ہیں۔ حالانکہ بعض حالتوں میں چائے نہ صرف غیر مفید بلکہ مضر ہے ہم ذیل میں برگد کے ذریعے چائے تیار کرنے کا طریقہ درج کرتے ہیں۔ جس سے بفضلہ تعالیٰ نزلہ و زکام نہایت آسانی سے دور ہو جاتا ہے۔

## (۷) برگد کی چائے:

ھوالشافی:- برگد کے وہ نرم نرم پتے جو سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ لے کر سایہ میں خشک کر لیں۔ اور ان کو ذرا جو کوب سا کر کے ڈبوں میں بند کر دیں اور بوقت ضرورت اس میں پانچ چھ ماشہ لے کر آدھ سیر پانی میں پکائیں۔ جب آدھ پاؤ پانی باقی رہے تو چھان کر اس میں حسب دستور دودھ اور کھانڈ ملا کر چائے کی طرح پئیں۔ صبح و شام استعمال کریں۔

خواص:- نزلہ و زکام کو مفید ہے۔ اور مقوی دماغ ہے۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

## نیند کی زیادتی

یہ بھی ایک مرض ہے جو کہ اکثر شخصوں کو ہوا کرتا ہے۔ اس کا مریض تقریباً ہر وقت اونگھتا رہتا ہے۔ اس لیے اس سے کوئی کام بھی کماحقہ سرانجام نہیں پا سکتا۔ اس کے لیے ذیل کا آسان چٹکلہ بفضلہ تعالیٰ نہایت مفید ہے۔

## (۸)

ھوالشافی:- برگد کے سخت سخت پتے لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور اس میں سے ایک تولہ پتے لے کر سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب پاؤ بھر پانی باقی رہے تو اس میں ۱ ماشہ نمک ملا کر صبح و شام پیا کریں۔ اس کے چند روزہ استعمال سے خدا کے فضل سے پوری شفا ہو جائے گی۔

# ۹ نہایت نفیس چائے کا نسخہ

زرشک بیرنگی کو کوٹ کر ڈبیوں میں بند رکھیں۔ اور بوقت ضرورت اس میں سے ۵ ماشہ یا کم و بیش لے کر حسب دستور پانی میں جوش دے کر چائے تیار کریں۔ اور کچھ تھوڑا دودھ ملا کر پیا کریں۔

فوائد: ۔ دافع نزلہ و زکام و جریان منی و مقوی معدہ ہے۔ ایک شخص ہمیشہ اس چائے کا استعمال کیا کرتا تھا۔ جو بفضلہ تعالیٰ تندرست رہتا تھا۔ اس کا بیان ہے۔ کہ جب سے میں اس چائے کا استعمال کرنے لگا ہوں اسی روز سے بفضلہ ہر مرض سے امن میں ہوں۔

ہمیں چاہیئے کہ خلقت کی اندھی تقلید کی بجائے اس چائے سے نفع حاصل کر کے منفعت مالی اور بدنی حاصل کریں۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

# آنکھوں کی بیماریاں

امراضِ چشم تو اس قدر ہیں جن کا کچھ انتہا ہی نہیں۔ مگر ہمارے پیش نظر وہی ہیں۔ جن کا برگد سے دواءً فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## آشوبِ چشم

دکھتی ہوئی آنکھوں کے لیے جس قدر بھی عمدہ سے عمدہ نسخے ہم نے اپنی تصانیف کے اندر پیش کیے ہیں۔ غالباً اس کی نظیر مشکل سے ملے گی۔ مگر پھر بھی بقول کسے (ہتھیار وہ جو وقت پہ چل جائے) یہاں بھی ایک ٹوٹکہ درج کرتے ہیں۔ وقت پہ آزما کر دیکھیں۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

(۱۰)

ھوالشافی:۔ برگد کی کونپل توڑ کر اس میں سُرمچو کے دونوں سرے تر کر کے آنکھوں میں فوراً ڈالیں۔ درد کو بند کرنے میں اچھی مفید تدبیر ہے سرخی کو زائل کرنا اس کا اولین کام ہے۔

## (۱۱) جالا۔ دُھند

دھند۔ جالا کو کاٹ کر نظر درست کرنے کے لیے بھی شیر برگد

(دودھ بڑ) مفید دوا ہے۔ صبح و شام ایک ایک سلائی اللہ کا نام لے کر ڈالیں۔

## (۱۲) سرمہ جمیع الفوائد:

ھُوَالشَّافِی سرمہ سیاہ یا سفید ڈھائی تولہ کو شیر برگد میں تمام دن کھرل کر کے سرمہ کو مانند غبار تیار رکھیں اور بوقت شب اس میں سے تین تین سلائی اللہ کا نام لے کر استعمال کریں۔ دھند۔ جالا۔ سرخی، پانی جانا نظر کی کمزوری کو مفید ہے۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

## (۱۳) برگد کا نمک۔ پھوڑے کے لیے اکسیر:

برگد کی خشک لکڑیوں اور پتوں کو جلا کر مٹی یا لوہے چینی کے برتن میں ڈال کر آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں اور تین دن تک پڑا رہنے دیں۔ دن میں تین مرتبہ برگد کی لکڑی سے اس محلول کو ہلاتے رہیں۔ چوتھے دن نہایت آرام سے نتھرا ہوا پانی اتار لیں اور نرم آنچ پر پکانا شروع کریں۔ جب تمام پانی اڑ جائے تو جو سفوف بچے اسے اکٹھا کر لیں وہی برگد کا نمک ہے۔

فوائد: سلائی کے سرے پر تھوڑا سا نمک لگا کر پھوڑے پر لگائیں ان شاء اللہ چند روز میں پھوڑا رفع ہو گا۔

# ناک، کان اور دانتوں کی بیماریاں

برگد سے تیار ہونے والے وہ نسخہ جات ذیل میں بیان کیے جاتے ہیں جو کہ مرقومہ بالا اعضاء کے متعلقہ امراض میں مفید ثابت ہوئے ہیں۔

## ناک میں زخم ہو جانا

(۱۴)

ناک کے زخم کا مندمل ہونا ذرا مشکل ہوتا ہے۔ اس لیے ہم ایک مشہور و معروف حکیم صاحب کا معمول مطب نسخہ پیش کرتے ہیں۔

**ھوالشافی:**۔ زخم کے اوپر تازہ تازہ برگد کا دودھ ٹپکائیں۔ یا روئی کی پھریری سے لگائیں۔ چند بار لگانے سے فائدہ ہوگا۔

## نکسیر

(۱۵)

**ھوالشافی:**۔ برگد کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے خوب باریک پیس لیں

اور بطور نسوار ذرا سا سونگھا دیں۔

(۱۶)

کونپل برگد یعنی چھوٹے چھوٹے نہایت نرم نرم پتے لے کر پانی میں بطور سردائی گھوٹ چھان کر اس میں مصری ملا کر پئیں۔

(۱۷)

برگد کے پتے جو برنگ سرخ ہوتے ہیں۔ ذرا سا پانی ڈال کر خوب ہی باریک پیسیں اور مریض کی پیشانی پر لیپ کر دیں۔ ان شاء اللہ نکسیر کا خون مرقومہ بالا تدابیر سے ضرور بالضرور بند ہو جائے گا۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

# کان کے کیڑے

(۱۸)

اگر کان میں کیڑے پڑ گئے ہوں۔ تو مندرجہ ذیل طریقہ سے کام لینا چاہیے۔ بکری کا دودھ ۳ ماشہ نیم گرم کر کے اس میں تین قطرے برگد کے دودھ کے ڈال کر فوراً کان میں ڈال دیا کریں۔ اسی طرح تین دن تک عمل کرنے سے کان کے کیڑے دور ہو جاتے ہیں۔

# داڑھ درد

(۱۹)

درد داڑھ کے لیے برگد کا دودھ مفید ہے۔ اگر دانت بوسیدہ ہو گیا ہو۔ اور اس میں گڑھا پڑ گیا ہو۔ تو چاہیئے کہ روئی کی پھریری کو برگد کے دودھ میں تر کر کے سوراخ میں رکھ دیں۔ درد ان شاء اللہ بند ہو جائے گا۔

# بوسیدہ دانت اُکھاڑنا

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

(۲۰)

اگر ہلتے ہوئے دانت پر برگد کا دودھ اس طریق سے لگاتے رہیں کہ کسی دوسرے دانت پر نہ لگنے پائے۔ تو وہ بلا تکلیف نکل جاتا ہے۔

## (۲۱) تریاق صفت منجن:

دانتوں کی بہت ساری امراض کے لیے ذیل کا منجن نہایت عجیب و غریب ہے۔

**هوالشافی:** ۔ پوست برگد۔ کتھ۔ مرچ سیاہ پیس کر رکھیں اور بطور منجن استعمال کیا کریں۔ دانتوں کا ہلنا۔ میل۔ غلاظت وغیرہ کو دور کر کے دانتوں کو سفید بنا دیتا ہے

# سینہ پھیپھڑے اور دل کی بیماریاں!

## کھانسی

(۲۲) برگد کا چھلکا اُتار کر سایہ میں خشک کریں اور کوٹ کر ڈبے میں ڈال رکھیں بوقت ضرورت اس میں سے ۲ ماشہ سفوف لے کر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ پانی رہے۔ تو اس میں شہد یا مصری یا نمک ملا کر پلائیں۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

## (۲۳) مفید چائے:

ریش برگد سایہ میں خشک کر کے کوٹ کر سنبھال رکھیں اور بوقت ضرورت صبح و شام پانی میں جوش دے کر اور اس میں دودھ و میٹھا ڈال کر چائے کے طور پر پیا کریں۔ چائے کا مزہ بھی آئے گا اور بفضلہ آرام بھی ہوگا۔

## (۲۴) حبوب کھانسی:

ست برگد کی گولیاں بنا کر مریض کو سخت کھانسی کے وقت منہ میں رکھ کر چوسنے کی ہدایت کریں۔

## دمہ

(۲۵) مرقومہ بالا طریقوں کے بموجب پلانا دمہ کو بھی مفید ہے مگر ایسی سخت بیماریوں میں ذرا مدت مدید تک صبر و استقلال سے استعمال کرتے رہنے کی اشد ضرورت ہے۔

(۲۶) نمک برگد (نسخہ نمبر ۱۳) ۴ چاول۔ چینی ۳ ماشہ میں آمیز کر کے استعمال کریں۔ کھانسی اور دمہ کے لیے اکسیر ہے۔

## سل و دق

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

(۲۷) ریش برگد ایک سیر سایہ میں خشک کریں۔ اور باریک کپڑ چھان کر کے چھ ماشہ صبح تازہ پانی سے استعمال کرائیں۔

چالیس یوم بلاناغہ استعمال کرانے سے سل و دق رفع ہو جاتے ہیں۔
غذا کے طور پر تھوڑا سا گلقند کھلا دیا کریں

## سل کی وجہ سے خون آنا

(۲۸) ریش برگد چھ ماشہ۔ دوب سفید چھ ماشہ پیس کر آدھ پاؤ پانی ڈال کر چھان لیں۔ اور ایک ماشہ کتھ سفید چھڑک کر پلائیں۔ فائدہ ہوگا۔

# دل کی بیماریاں

گو یہ بات اظہر من الشمس ہے۔ کہ دل کی ہر ایک مرض کا علاج بڑی بڑی قیمتی ادویات سے ہوتا ہے۔ مگر غریبوں کے دل دھڑکن کے لیے ذیل کے دو نسخے بلا قیمت ہونے کے باوجود حد درجہ مفید ہیں۔

## دل دھڑکن

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

(۲۹) ھو الشافی:۔ برگد کے وہ پتے جو بہت سخت نہ ہو چکے ہوں۔ بلکہ نرم نرم اور سبز ہوں۔ ایک تولہ لے کر پندرہ تولہ پانی میں خوب گھوٹ چھان کر اس میں قدرے مصری ملا کر صبح و شام پلایا کریں۔

فوائد:۔ اگر دل دھڑکتا رہتا ہے۔ تو اس سے بفضلہ آرام ہو جائے گا۔

## (۳۰) حبوب مقوی قلب:

امیر طبع حضرات کے لیے اگر آپ خود بنا کر اپنے پاس سے دینا چاہیں

نو برگد کے ست کی گولیاں بقدر رتی رتی بنالیں۔ اور ان کو خوبصورت بنانے کے لیے اوپر چاندی کے ورق چڑھالیں۔ بس تیار ہیں۔

ترکیب استعمال :۔ ایک گولی سے دو گولی موسم گرما میں مناسب شربت اور سرما میں تازہ پانی سے دیا کریں۔

فوائد :۔ علاوہ صدہا خداداد فوائد کے مقوی قلب اور دل دھڑکن کو ازحد مفید ہے۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

# معدہ اور آنتوں کی بیماریاں

معدہ کی گو بہت سی بیماریاں ہیں۔ مگر جو اکثر الوقوع بیماریوں میں برگد سے دوائے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ وہ مع علاج ذیل میں درج ہیں۔

## متلی

(۳۱) اگر جی متلاتا ہو۔ تو برگد کے پتے ۲ تولہ لے کر پانی میں گھوٹ کر چھان لیں بلکہ اگر مل سکیں تو اس میں ۲ عدد لونگ بھی ملا لیں۔ اگر مریض کی طبیعت چاہے تو قدرے مصری بھی ملا سکتے ہیں۔ اس میں سے گھونٹ گھونٹ ۱۵، ۱۵ منٹ کے بعد دیتے رہیں۔ متلی بفضلہ تعالیٰ دور ہو گی۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## قے

(۳۲) اگر قے کسی طرح رکنے میں نہ آتی ہو۔ تو بفضلہ ذیل کے چٹکلہ سے ضرور بالضرور بند ہو جاتی ہے۔ ریش برگد کی نرم نرم سوئیں ۲ ماشہ لے کر پانی میں گھوٹ کر اور چھان کر بطریق سابق پلا دیں۔ خاص الخاص نسخہ ہے۔ بلکہ اس سے خونی قے بھی رک جاتی ہے۔

لوگ ان چٹکلوں کو معمولی سمجھ کر چھوڑ دیتے ہیں۔ ورنہ ان کی زود اثری کا میں کلام نہیں۔

# پیچش

(۲۳) ھوالشافی :- برگد کی بڑ کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں سے تین تین ماشہ کی مقدار صبح دوپہر شام یعنی دن میں تین بار چاولوں کے پانی یا محض کنوئیں کے سادہ پانی سے دیا کریں۔ ان شاء اللہ اس سے بہت جلد پیچش رفع دفع ہو جاتی ہے۔

(۲۴) اگر مروڑ میں آؤں ملی ہوئی آتی ہوں۔ اور وہ کسی طرح بند ہونے میں نہ آتی ہو۔ تو چاہیئے کہ روزانہ بوقت صبح تین ماشہ برگد کا دودھ مریض کو کھلایا کریں۔ اس سے خدا کی عنایت سے ایسی پیچش جس میں آؤں آتی ہی ہو یقیناً دور ہو جاتی ہے۔

## دست

دستوں کو بند کرنے کے لیے وہ نسخے جو پیچش کے بیان میں مذکور ہو چکے مفید ہیں۔ علاوہ ازیں ذیل کا نسخہ بھی بہت فائدہ مند ہے۔

## (۲۵) اسہال بند کرنے کا خیساندہ :

ھوالشافی :- برگد کی کچی کلیاں ۶ ماشہ پانی میں گھوٹ کر اور اس میں قدرے مصری ملا کر پلانے سے دست بند ہو جاتے ہیں۔

## (۲۶) طلسم :

برگد کا دودھ مریض کی ناف میں بھر دیں اور کچھ ارد گرد لگا دیں۔ دست فوراً بند ہوں گے۔

# مقعد کی بیماریاں

## خُرُوجِ مقعد

(۳۷) برگد کا چھلکا بہت سے پانی میں جوش دے کر اس سے مریض کے آبدست کرایا کریں۔ نیز اس پانی میں کم از کم آدھ گھنٹہ بٹھایا کریں۔ خروج مقعد کے لیے مفید ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## بواسیر

بواسیر ایک ایسی موذی بیماری ہے کہ جس کو لوگ اب قریب قریب لاعلاج خیال کرنے لگے ہیں۔ حالانکہ شافی حقیقی نے اس کے بہت سے نسخہ پیدا کیے ہیں۔ چنانچہ ہمارے مبحث فیہ میں بھی اللہ رب العزت نے بواسیر کو دفع کرنے کی تاثیر ودیعت فرمائی ہے۔ اگر فائدہ حاصل کرنے کے خواہاں ہو تو ذیل کی سطور کو پڑھیں

# خونی بواسیر

(۳۸) اگر بواسیر کی وجہ سے پاخانہ کی راہ خون آتا ہو۔ اور اس کی رنگت سیاہ نہ ہو۔ تو برگد کی لکڑی سایہ میں خشک شدہ کا کوئلہ لے کر باریک پیس لیں۔ اور ۳، ۳ ماشہ کی پڑیہ باندھ لیں۔ اور صبح و شام ایک ایک پڑیہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کراتے رہیں۔ ان شاء اللہ خونی بواسیر سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

(۳۹) ھو الشافی:۔ اڑھائی تولے برگد کے نرم نرم پتے پاؤ ڈیڑھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر پلایا کریں۔ اس سے خون تو ان شاء اللہ پہلے حد دوسرے تیسرے روز بند ہو جاتا ہے۔ اور کچھ روز کے لگاتار استعمال سے پورے طور پر آرام ہو جاتا ہے۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

## (۴۰) خون کا بہاؤ:

درخت بڑ کی کونپل چھ ماشہ رگڑ کر شیرہ نکال کر ڈیڑھ تولہ مصری ملا کر پئیں۔ بواسیر خونی دور ہو جائے گی۔

نکسیر اور منہ سے خون آنے میں بھی بے نظیر چیز ہے۔

# بواسیر بادی

(۴۱) جس مریض بواسیر کو خون نہ آتا ہو۔ بلکہ بادی بواسیر ہو۔ تو اس کے لیے چاہیئے کہ پوست برگد ۲ تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پاؤ بھر باقی

رہے تو پُن چھان کر اس میں انولہ گائے کا گھی اور انولہ دیسی کھانڈ ملا کر نیم گرم پلائیں اس سے دنوں میں بواسیر بادی دور ہو جاتی ہے۔

## (۴۲) ہر قسم کی بواسیر کو دُور کرنے کا سینا بسیانہ چٹکلہ:

ھوالشافی:۔ بوقت صبح بعد از قضائے حاجات ضروریہ تین ماشہ دیسی کھانڈ ہمراہ لے جائے۔ اور اس میں پہلے دن دس قطرے شیر برگد کے اس کھانڈ میں تازہ ٹپکا کر کھالے۔ اور دوسرے روز علیٰ ہذاالقیاس ایک قطرہ بڑھایا جائے۔ جب پچیس قطرہ پر پہنچ جائے۔ تو پھر کم کرنے لگے اور دس قطروں پر لا کر چھوڑ دے۔ اِن شاءاللہ ہر قسم کی بواسیر کے پنجے سے رہائی نصیب ہوگی۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## (۴۳) بواسیر کے مسّوں کو دُور کرنے کا نسخہ:

ھوالشافی:۔ برگد کی لکڑی کو جلا کر کوئلہ کر لیں۔ اور اس کو خوب باریک پیس کر گائے کے مکھن دو چھٹانک میں (جو ایک سَو بار پانی میں دھلا ہوا ہو) ملا کر کھرل کر کے مرہم بنا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ اس مرہم کو صبح و شام بعد از قضائے حاجت مسّوں پر لگایا کریں۔

فوائد:۔ اس انمول مرہم سے بلا تکلیف کے مسّے کم ہوتے ہوتے رفع دفع ہو جاتے ہیں۔

نوٹ:۔ مکھن دستیاب نہ ہونے پر سرسوں کا تیل بھی ملایا جا سکتا ہے۔

# گُردہ اور مثانہ کی بیماریاں

ذیل میں وہ بیماریاں بیان کی جاتی ہیں جن کا ظہور پیشاب کے ادرار میں ہوتا ہے۔

## سوزاک

یہ نہایت ہی ناپاک اور تکلیف دہ بیماری ہے۔ جس کی پوری تفصیل معہ خاص الخاص نسخہ جات کنز المجربات میں بیان کی گئی ہے۔ یہاں پر برگد کے ذریعہ علاج لکھا جاتا ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

(۴۴) هو الشافی :۔ برگد کے نرم نرم پتے ۲ تولہ کو کچل کر رات کو آدھ سیر پانی ملا کر رکھ چھوڑیں اور صبح چھان کر اس میں قدرے مصری ملا کر پکائیں۔ اسی طرح صبح کو بھگو کر شام کے وقت پلایا کریں۔ اِن شاء اللہ نیا سوزاک جلد رفع ہو جائے گا۔ خصوصاً جبکہ پیشاب میں جلن بہت ہو۔ اس کو تو بہت ہی مفید ہے۔

(۴۵) هو الشافی :۔ برگد کی چھال ا تولہ کو آدھ سیر پانی میں پیس کر اس میں مصری ملا کر پلا دیں۔ اس سے بھی سوزاک رفع دفع ہو جاتا ہے۔

(۴۶) اگر مریض کی جلن بند ہو کر پیپ بند نہ ہو۔ تو پوست بیخ برگد کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں اور اس میں سے تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری یا سادہ پانی سے دیا کریں۔ اِن شاءاللہ پیپ بند ہو کر کلی آرام ہوگا۔

(۴۷) برگد کی داڑھی کو آدھ کوٹا کر لیں اور اس کا خیساندہ بنا کر ایک ہفتہ پئیں۔ خداوند کریم کے فضل سے پرانا سوزاک اور آلات بول کے زخم رفع ہو جائیں گے۔

# پیشاب میں خون آنا

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

(۴۸) **هوالشافی:۔** برگد کے وہ پتے جو نازہ ہوں مگر سرخ نہ ہوں۔ ۲ تولہ لے کر پاؤ بھر پانی میں گھوٹ لیں۔ اور صبح و شام پلایا کریں۔ پیشاب میں خون آنا بند ہو جائے گا۔

# پیشاب کی افراط

(۴۹) **هوالشافی:۔** تخم برگد جو اس کے پھل کے اندر مانند خشخاش ہوتے ہیں۔ لے کر باریک پیس رکھیں اور صبح و شام ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ (گائے کے دودھ) سے دیا کریں۔

**فوائد:۔** اِن شاءاللہ تعالیٰ سلسل بول، کثرت بول، بلکہ ذیابیطس تک کو مفید ہے۔

## (۵۰) امراض اعضائے بول کی اکسیر صفت گولیاں:

ست برگد کی گولیاں (نسخہ نمبر ۲۸) اگر تیار ہوں۔ تو منجملہ صدہا خدا داد فوائد کے وہ سوزاک۔ سلسل البول۔ بول الدم وغیرہ تمام امراض میں مفید ہیں۔

ترکیب استعمال:۔ سوزاک و بول الدم میں ہمراہ شربت بزوری یا ٹھنڈے پانی سے اور کثرت بول اور سلسل بول میں گرم دودھ آدھ پاؤ کے ساتھ دیا کریں۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

## ادرار پیشاب

(۵۱) نمک برگد (نسخہ نمبر ۱۳) ۲ چاول چینی ۳ ماشہ میں آمیز کر کے استعمال کریں۔ بند شدہ پیشاب جاری ہو جائے گا۔

## ذیابیطس

ذیابیطس آج کل عام مرض ہو گیا ہے۔ اس کی تفصیل کے لیے کنز المجربات جلد سوم ملاحظہ فرمائیں۔ یہاں ایک نسخہ درج کیا جاتا ہے۔

(۵۲) برگد کی جڑ کا چھلکا ایک تولہ حسب ضرورت پانی میں جوش دیں اور مریض کو پلا دیں۔ مسلسل استعمال سے شکر آنا بند ہو جاتی ہے۔

# جلد کی بیماریاں

جلد کی بیماریاں تو بے شمار ہیں لیکن یہاں صرف ان ہی امراض کا ذکر کیا جائے گا جو بدن کے ظاہری حصہ سے تعلق رکھتے ہیں اور جن کے لیے کسی نہ کسی شکل میں مفید ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## بوائی

(۵۳) ھو الشافی:- بوائی میں برگد کا دودھ بھر دینے سے بوائی دور ہو کر صحت ہو جاتی ہے۔

## گنٹھیا

(۵۴) گنٹھیا کے ورم پر برگد کا دودھ لگا دیں-اِن شاء اللہ درد دُور ہو جائے گا۔

# چوٹ

(۵۵) چوٹ کی جگہ پر برگد کا دودھ لگا دیں۔ اِن شاء اللہ درد دُور ہو جائے گا۔

# پھوڑا

(۵۶) برگد کا نمک (نسخہ نمبر ۱۳) نکال کر گائے کے گھی میں ملا کر پھوڑے کے اوپر لگا دیں تو وہ فوراً پھٹ جائے گا۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

# ورم

(۵۷) برگد کا دُودھ ورم پر لگانے سے ورم اتر جاتا ہے۔ اور آرام ہو جاتا ہے۔

# بدھ

(۵۸) برگد کے پتے میٹھے تیل سے چپڑ کر گرم کر کے باندھیں۔ بدھ تحلیل ہو جائے گی یا پھوٹ جائے گی۔

# زخم

(۵۹) تازہ زخم کے منہ کو بند کر کے اوپر برگد کے پتے گرم کر کے باندھ

دیں - اور تین دن تک نہ کھولیں - تو ایسا زخم جو ٹانکنے کے لائق ہو - بند ہو جاتا ہے -

(۶۰) پوست برگد حسب ضرورت لے کر جلالیں اور ان زخموں پر لگائیں جن سے پانی ناحال جاری ہو - اِن شاء اللہ چند بار کے استعمال سے زخم بالکل مندمل ہو جائے گا - اور پہلی دفعہ لگاتے ہی پانی خشک ہو جائے گا -

# ناسُور

(۶۱) سانپ کی کینچلی کی خاکستر شیر برگد میں ملا کر ناسور میں بتی کے ذریعہ رکھا کریں نیز اوپر لگاتے رہیں - اس سے بفضلہ ناسور بھر کر رفع دفع ہو جائے گی -

(۶۲) ھوالشافی :- شیر برگد و شیر مدار ہموزن روزانہ ملا کر بطریق سابق ناسور میں رکھا کریں - سات روز میں ناسور دور ہو جاتا - مگر یہ احتیاط سے برتنے والا ہے -

(۶۳) ھوالشافی :- برگد کی کونپلیں اور نرم نرم پتے پانی میں کچل کر چھان لیں اور اس پانی کے برابر روغن سمسم (میٹھا تیل) ملا کر آگ پر پکائیں - جب تمام پانی جل کر تیل باقی رہے تو چھان کر رکھیں اور دن میں ۲ - ۳ بار ناسور پر لگایا کریں - اِن شاء اللہ آرام ہو گا -

# آتشک

(۶۴) برگد بہار اور بہت سی بیماریوں میں اکسیر ہے - وہاں آتشک اور جذام

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

جیسی گنٹھاڈنی امراض کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

برگد کی داڑھی حسب ضرورت پیس کر رکھ لیں اور اس میں سے ایک تولہ سفوف ہذا لے کر مرچ سیاہ ۵ عدد میں ڈال کر رگڑ لیں اور مریض کو دن میں دو مرتبہ گھی کے ساتھ کھلائیں۔ ان شاء اللہ ایک ماہ کے استعمال سے خاطر خواہ فائدہ ہو گا۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## کچھرالی

(۶۵) اگر کچھرالی یا بدھ کی ابتدائی حالت میں شیر برگد سے روئی کو تر کر کے اوپر رکھ دیں تو ورم بڑھنے نہیں پائے گا۔ اگر انتہائی حالت میں لگائیں تو پھوٹ کر زخم بھر جائے گا۔ مجرب ہے۔

# بُخار

جب کبھی دل کی حرارت کسی سبب سے بڑھ جاتی ہے تو اس کا اثر تمام بدن کے اندر پھیلی ہوئی رگوں (شرائین) کے ذریعے تمام اعضائے بدن کے اندر پہنچتا ہے۔ نتیجتہً سب اعضاء گرم ہو کر اپنے کاموں سے غافل ہو جاتے ہیں۔ اسی کا نام بخار ہے۔

ذیل میں بخار کی چند ایک قسمیں اور ان کا علاج درج کیا جا رہا ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## تپ دق

(۶۶) ریشہ برگد کو جو کوب (آدھ کوٹا) کر کے سایہ میں خشک کریں۔ اور پھر اس کا باریک سفوف بنالیں۔ تپ دق اور پرانے دموی بخاروں میں مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرائیں۔

ھوالشافی:۔ سفوف ریشہ برگد ۲ تولہ۔ ست گلو۔ الائچی خورد۔ طباشیر

پیرہ بیگ ایک تولہ، کافور ریاحی ایک ماشہ۔ مصری ڈیڑھ چھٹانک۔

ترکیب تیاری:۔ سب اشیاء کو کوٹ، چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال:۔ ۳-۳ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت اعجاز یا پانی دیں۔

# موسمی بُخار

(۶۷) برگد کا چھلکا سایہ میں خشک کر کے رکھیں اور اس میں سے ایک تولہ لے کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین حصّہ پانی جل کر ایک حصّہ باقی رہ جائے تو اس میں ایک ماشہ نمک خوردنی ملا کر پلائیں۔ اور اسی طرح دن میں تین بار گرم گرم بطور چائے پلایا کریں۔ اِن شاءاللہ موسمی بخار دور ہو جائے گا۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

# صفراوی بخار

(۶۸) اگر گرمی کی وجہ سے بخار ہو۔ پیاس بہت ستاتی ہو۔ تو ریش برگد کی چائے بنا کر اور اس میں کھانڈ یا مصری ملا کر پلایا کریں۔ نہایت مفید ہے۔

# شِدّت پیاس

(۶۹) ھوالشافی:۔ درخت برگد کے پھل۔ لودھ پٹھانی۔ انار دانہ۔ ملٹھی۔ مصری کوزہ۔ جملہ مساوی الوزن لے کر باریک پیس لیں۔ اور اس میں قدرے شہد ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال :- دن میں تین چار مرتبہ مریض کو ایک ایک گولی چوسا دیں۔

پیاس کی شدت دور ہو جائے گی۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

# مردوں کی خاص بیماریاں

مردانہ امراض جن جن بیماریوں کو کہا جاتا ہے۔ ان سب کے لیے برگد ایک مفید ٹانک ہے۔ مثلاً جریان، احتلام، سرعت انزال، ضعف باہ، نامردی، ان سب کو دور کرنے کے لیے برگد ایک بیش بہا چیز ہے۔ مگر ہم لوگوں کو اس کی قدر نہیں ذیل میں ان امراض کے دور کرنے کے لیے خاص الخاص نسخہ جات پیش کیے جاتے ہیں یہ مت خیال کریں کہ محض خواص برگد کی اوراق پُری کی جا رہی ہے بلکہ دراصل لاجواب نسخہ جات ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں دوربین نگاہ دے جس سے ہم اپنی خدا داد نعمتوں کو معمولی چیزوں میں دیکھ کر فیضیاب ہونے لگیں۔ آمین

NATURAL HERBAL AL SHIFA PHARMA®

# جریان

جریان ایک مشکل سے جانے والی بیماری ہے۔ مگر خدا کی دی ہوئی صفات کی وجہ سے برگد اس مرض کا اعلیٰ تریاق ہے۔ کیا مجال کہ اس کا استعمال کیا جائے اور شفا نہ ہو۔

## (۷۰) حبوب اکسیر جریان:

یہ دوا ذرا محنت سے بنتی ہے۔ مگر جریان کے لیے اکسیر صفت اور ہماری مجرب ہے۔ برگد کے زرد شدہ پتے تقریباً بیس تیس سیر جمع کر لیں اور پانی کے بھرے ہوئے گھڑوں میں ٹھونس کر آٹھ پہر تک رکھیں اور پھر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب پتے گل جائیں۔ تو آگ موقوف کر کے سرد کر لیں۔ اور ہاتھ سے بہت اچھی طرح مل کر چھان لیں۔ اور پانی کو دوبارہ پکائیں۔ یہاں تک کہ تمام پانی جل کر افیون کی طرح غلیظ قوام سا بن جائے۔ اس میں اگر تیار ہو۔ تو تقریباً آٹھواں حصہ کشتہ قلعی ملا لیں ورنہ خیر۔ طباشیر ۱ تولہ، بوپھلی ۳ تولہ۔ ملا کر گولیاں بقدر رتی رتی بنا لیں۔

ترکیب استعمال:۔ پہلے روز ایک گولی اور پھر کچھ دنوں کے بعد دو گولیاں آخر تین گولیوں تک پہنچا دیں۔ سرخ مرچ تیز اور گرم دوائیوں سے پرہیز رکھنا ضروری ہے۔

فوائد:۔ اکیس روز کے استعمال سے جریان بیخ و بنیاد سے

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

نکھر جاتا ہے۔

## (۷۱) حبوب اکسیر بریان نمبر ۲

برگد کے تازہ اور نرم پتے آدھ سیر۔ بوپھلی بوٹی پاؤ بھر خوب بار یک پیس کر سردائی کے طور پر گھوٹیں اور کپڑے میں سے چھان کر قلعی دار دیگچی میں ڈال کر پکائیں۔ جب قوام غلیظ ہو جائے۔ تو آگ بند کر کے اس میں قدرے طباشیر یا مغز تخم املی کا سفوف ملا دیں۔ تاکہ گولیاں آسانی سے باندھی جا سکیں پھر گولیاں بقدر رتی رتی بنا لیں۔

خوراک:۔ ایک گولی سے بڑھا کر دو گولیوں تک لے جائیں اور اوپر سے قدرے گائے کا تازہ دودھ پی لیا کریں۔

فوائد:۔ دافع جریان، مغلظ منی، دافع سرعت انزال ممسک طبعی ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## (۷۲) کھویا دافع جریان:

شیر برگد۔ شیر پیپل، شیر گولر۔ ہر ایک ۵ تولہ لے کر بھینس کے ۵ سیر دودھ میں ملا کر دیگچی میں ڈال کر سرپوش دے کر بند کر دیں۔ اور ان کے لبوں کو آٹے سے بند کر دیں۔ اور نیچے آگ جلائیں۔ پندرہ منٹ تک بلا بھاپ نکلے پکائیں اور پھر سرپوش کو اتار کر بدستور معروف کھویا بنا کر۔ اس میں کھانڈ شامل کر کے پیڑے بنا لیں اور تمام ۲۱ خوراک بنا لیں۔ اور صبح کے وقت کھلایا کریں۔ دافع جریان اور ممسک طبعی بدرجۂ کمال ہے۔

## ۷۳) حَبّ جریان :

جریان کی نہایت آسان اور سستی دوا۔

ھوالشافی :۔ مغز تخم سرس ۔ مغز تخم املی۔

ترکیب تیاری :۔ ہر دو کو باریک پیس کر برگد کے دودھ میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار خوراک :۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد :۔ احتلام ۔ جریان ۔ سرعتِ انزال کی دافع گولیاں ہیں۔ نیز قدرتی امساک بھی پیدا کرتی ہیں۔

NATURAL HERBAL
AL-SHIFA
PHARMA®

## ۷۴) جریان دور سفوف :

خطرناک مرض جریان کے لیے سہل ترین اور مفید ترین نسخہ۔

ھوالشافی :۔ ریشہ برگد ایک پاؤ۔ پھلی کیکر آدھ پاؤ۔ مجیٹھ پانچ تولہ طباشیر دو تولہ ۔ کھانڈ دیسی ڈیڑھ پاؤ۔

ترکیب تیاری :۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال :۔ بوقتِ صبح دودھ کے ہمراہ ایک تولہ استعمال کریں۔

## ۷۵) کایا پلٹ چورن :

برگد کے تازہ اور نرم چھلکے کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔ اور اس سے نصف وزن کھانڈ ملا لیں۔

**ترکیب استعمال :-** چھ چھ ماشہ صبح و شام گرم دودھ کے ساتھ کھائیں۔

اس سے منی پیدا ہوتی ہے۔ نیز اس کا استعمال سرعتِ انزال۔ جریان اور یرقان کو جڑ سے اکھیڑتا ہے۔

قوتِ مردی اور قوتِ ہاضمہ کو ترقی دیتا ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## ۷۶) سُنباسی نُسخہ

## دافع جریان و سُرعت انزال و ازحد مقوی باہ

یہ ایک خاص الخاص نسخہ ہے۔ جس کو استعمال کرنے سے تقریباً منی کی بہت سی امراض سے شفا ہو جاتی ہے اور منی قابل اولاد پیدا ہوتی ہے۔

بھینس کا تازہ دودھ آدھ سیر لے کر اس میں سے پندرہ قطرے شیر برگد اور ۲ تولہ شہد ملائیں۔ اور اس کو پانچ سات مرتبہ دو برتنوں میں لوٹ پوٹ کر کے مریض کو پلائیں۔ یقیناً فائدہ ہوگا۔

## (۷۷) دافع جریان فقیرانہ ٹوٹکہ:

پہلے روز بتاشہ پر برگد کے دودھ کا ایک قطرہ اور دوسرے روز دو بتاشوں پر دو قطرے علی ہذا القیاس روزانہ بڑھاتے بڑھاتے اکیس تک پہنچ کر پھر کم کرنے لگیں اور ایک بتاشہ و ایک قطرے پر لا کر چھوڑ دیں۔ جریان کی انتہائی دوا ہے۔ سرعت انزال دور ہو کر امساک قدرتی طور پر بڑھ جاتا ہے۔

## (۷۸) جریان کا علاج:

برگ برگد سبز پانچ تولہ۔ پانی تین سیر میں پکائیں۔ ایک پاؤ رہ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ اور تین تولہ شہد ملا کر پی لیا کریں۔

جریان جڑ سے اکھڑ جائے گی۔

(۷۹) بڑ کا پختہ پھل جو زمین پر نہ گرا ہو سایہ میں خشک کر کے باریک کریں۔ ہموزن کھانڈ ملا کر ایک تولہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (۸۰) گلقند برگد:

جریان۔ احتلام۔ سرعت اور رقت کو دور کر کے مادہ تولید کی اصلاح کرتا ہے۔ اور اسے قابلِ اولاد بناتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔

گل برگد یعنی برگد کی چھوٹی چھوٹی سرخ رنگ کی شگفتہ پتیاں لے کر دو گنی

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

کھانڈ ملا کر گلقند تیار کریں۔

ترکیب استعمال:۔ چھ ماشہ ہمراہ دودھ صبح وشام دیں۔

فوائد:۔قدرتی امساک پیدا ہوتا ہے۔

## (٨١) رسائن بدن گولیاں:

ریش برگد برنگ سرخ تازہ ایک تولہ لے کر چونا ایک رتی ملا کر سردائی کے طور پر گھوٹ کر رس نکالیں۔اور کپڑے میں سے چھان کر اور پانی ڈال کر آگ پر پکائیں۔اس میں قدرے دودھ کی لسی کا چھینٹا دے کر ابال کاٹ لیں۔اور پھر صاف ہونے پر چینی کے برتن میں ڈال کر پانی والے برتن کے منہ پر رکھ کر آگ پر رکھیں۔تاکہ اس کو محض پانی کی بھاپ سے حرارت پہنچے۔ جب افیون کی طرح ہو جائے تو رتی رتی کی گولیاں بنا کر رکھیں۔رسائن بدن لاجواب تیار ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ان میں سے دو گولی بوقت صبح بھینس کے تازہ دودھ سے دیں۔

فوائد:۔ یہ دوا انگریزی کی مشہور عالم دوا ڈامیانہ کی طرح ہے بلکہ اس سے زیادہ مفرح اور محرک ہے۔علاوہ ازیں مغلظ منی و دافع جریان ہے۔

NATURAL HERBAL AL-SHIFA PHARMA®

## (۸۲) جریان اور ضعف باہ کا آسان نسخہ:

شنگرف سرخ حسب ضرورت لے کر اس کو شیر برگد سے تر کر دو۔ اور رکھ چھوڑ دو۔ خوراک تین ماشہ سے چھ ماشہ تک دافع جریان ممسک طبعی اور مقوی باہ ہے۔

# احتلام

(۸۳) سفوف ریش برگد صبح و شام چار چار ماشہ پانی سے کھلائیں مرض احتلام نہ رہے گا۔

# سُرعت انزال

(۸۴) اگرچہ مرقومہ بالا تمام نسخے ہی بجائے خود تمام کے تمام دافع سرعت ہیں مگر ذیل کا نسخہ نہایت آسان ہے۔ برگد کا تازہ چھلکا لے کر سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں۔ اور اس میں ۳، ۴ ماشہ صبح و شام گرم دودھ سے استعمال کرائیں۔ جن شخصوں کا امساک بالکل نہ رہا ہو۔ ان کو قدرتی امساک پیدا ہو گا۔

# (۸۵) معجون مقوی باہ زغضب کا نسخہ

اس نسخہ کے صفات مخفیہ کو وہی حضرات معلوم کریں گے جو ایک بار بنائیں گے۔

**ھوالشافی:**۔ تالمکھانہ۔ تخم اٹنگن ہر ایک ۲۔ تولہ کوٹ کر مغز نارجیل میں داخل کریں اور اس کو شیر برگد سے تر کر کے نکالا ہوا ٹکڑا رکھ کر بند کر دیں۔ پھر اس پر مونج کا بان اس قدر لپیٹیں۔ کہ نارجیل نظر نہ آئے۔ پھر اس کو پورے بیس دن گیہوں کے اندر دفن کر دیں۔ پھر نکال کر بان کو جلا کر کے اس پر آدھ پاؤ گندم کا آٹا گندھا ہوا ایسے کہ چاروں طرف لیپ کر دیں تاکہ نارجیل مذکور ملفوف ہو جائے۔ بعد ازاں گائے کے آدھ سیر گھی میں بریاں کریں۔ جب معلوم ہو کہ آٹا سرخ ہو گیا ہے۔ اور جلنے کے قریب پہنچ گیا ہے۔ تو نکال کر آٹے کو دور کر کے نارجیل معہ دوا کے پیس کر شہد اتنا ملا دیں۔ جس سے اس کا گولہ سا بندھ سکے پس تمام کے ۴۰ حصہ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:**۔ ایک حصہ بوقت عصر بکری کے دودھ ڈیڑھ پاؤ کے ہمراہ کھلائیں۔

فوائد:۔ پانچویں روز کے بعد بدن پر چیونٹیاں سی چلتی ہوئی معلوم ہوں گی۔ بعد از ہفتہ قوت باہ غالب ہو گی۔ اور کامل ۴۰ روز کے بعد طاقت ایسی زور کرے گی۔ جو ناقابلِ صبر ہو گی۔ امساک بدرجہ کمال ہو جائے گا۔

پرھیز:- اس عرصہ میں ترشی اور جماع سے پرہیز لازم ہے۔

## (۸۶) حبوب امساک بے عدیل:

ایک چھوہارہ لے کر اس میں سے گٹھلی دور کر کے افیمن تین رتی داخل کریں اور پھر شیر برگد سے تر کر کے اس پر سوت کا تاگا اتنا لپیٹیں کہ چھوہارہ اچھی طرح چھپ جائے۔ پھر گیہوں کے گندھے ہوئے آدھ پاؤ آٹے میں ملفوف کر کے آگ میں رکھ دیں۔ اور آٹے کے سرخ سیاہی مائل ہونے پر اتار کر نکال لیں اور پیس کر گولی بقدر نخود بنالیں۔

ترکیب استعمال:- دو گھنٹہ پیشتر ایک گولی سے ۲ گولی ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔

فوائد:- امساک کی آسان اور بے عدیل و مجرب دوا ہے۔ مگر اس کی مداومت بڑی ہے۔

## (۸۷) نفیس سردائی:

جس کے استعمال سے ہر قسم کے روانی خون۔ جریان۔ احتلام سرعت انزال اور رقت دور ہوگی۔ ضعفِ و حرارتِ قلب و جگر دور ہوگا۔ طبیعت ہشاش بشاش رہے گی۔

تخم و ناز کنازہ ریش برگد ایک تولہ۔ مغز بادام سات عدد گھوٹ کر مصری ملا کر ہر روز بوقتِ صبح نوش کریں۔

## (۸۸) مفید چائے :

برگد کے ہر جزو کو جوش دینے سے چائے جیسا رنگ پیدا ہوتا ہے۔ جس میں دودھ ملانے سے کسی قسم کا فرق نہیں پڑتا۔

یہ چائے اعلیٰ درجہ کی ممسک، مقوی۔ دافع جریان و دافع سرعتِ انزال ہے۔

## (۸۹) جوب نوابی :

برگد صرف اپنے قدوقامت کے لحاظ سے ہی نہیں۔ فوائد کے لحاظ سے بھی بزرگ کہلانے کا حق دار ہے۔ اور لطف یہ کہ ہر گاؤں اور ہر قصبہ میں موجود ہوتا ہے۔

بڑے بڑے قیمتی اور طویل اور محنت طلب نسخہ جات اس کے سامنے ہیچ ہیں۔

## (۹۰)

ھوالشافی :۔ برگد کا دودھ تین چھٹانک۔ پھٹکڑی سفید ایک چھٹانک پھٹکڑی کو باریک پیس کر چینی کی رکابی میں ڈال کر ۵ اتولہ دودھ برگد شامل کر کے سایہ میں رکھ دیں۔ ہفتہ کے اندر ہی جب دودھ خشک ہونے لگے خوب کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر نخود بنا کر حفاظت سے رکھیں۔

ترکیب استعمال :۔ جماع سے ایک دو گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ
دودھ کھائیں ۔
فوائد :۔ بے حد امساک پیدا ہو گا۔

## (۹۰) کایا پلٹ نسخہ :

اپنے ہاتھوں اپنا ستیاناس کر کے اور اپنی زندگی برباد کر کے بھری جوانی میں بوڑھوں سے بدتر ہو جانے والے نوجوان جو مایوس اور ناامیدی کے سمندر میں غرق ہو کر بڑے دکھ سے زندگی گزار رہے ہوں یا وہ بوڑھے جو دوبارہ زندگی اور طاقت کی ضرورت محسوس کرتے ہوں۔ وہ طاقت کی تلاش میں اِدھر اُدھر ہاتھ پاؤں نہ ماریں ۔ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کریں ۔

برگد کی کونپلیں اگر تر ہوں تو دو تولہ یا خشک ہوں تو ایک تولہ لے کر سیر بھر پانی میں ڈال کر آگ پہ رکھیں جب آدھ سیر پانی رہ جائے ۔ تب حسبِ ضرورت کھانڈ ملا کر صبح اور اسی طرح شام کے وقت استعمال کریں ۔

اگر لگاتار استعمال کیا جائے اور منی کو ضائع نہ ہونے دیا جائے تو دو ماہ میں عجیب تبدیلی محسوس ہو گی ۔

سردیوں میں اس میں دودھ گھی حسبِ طاقت ہاضمہ ملا کر پیا جا سکتا ہے ۔

کمزوری اور نامردی کے مریضوں کے لیے ایک تحفہ ہے ۔

(۹۱) تخم برگد سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا کر چھ ماشہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(۹۲) امساک پیدا کرنے اور سرعت انزال کو دور کرنے کے لیے مندرجہ ذیل طریقہ سے گولیاں بنائیں۔

**ھوالشّافی:**۔ برگد کے پتّے سیر بھر لے کر پانی میں بھگو دیں اور ۲۴ گھنٹہ بعد جوش دیں اور مل کر چھان لیں۔ صاف شدہ پانی کو پھر آگ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو اس میں بیر بہوٹی خشک۔ کیچوے خشک ۲-۲ ماشہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ اور زعفران ایک ماشہ ڈال کر کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر کام میں لائیں۔

**ترکیب استعمال:**۔ ایک گولی ہمراہ دودھ مباشرت سے ایک گھنٹہ پہلے۔

(۹۳) ضعف باہ۔ رقت منی اور سوزاک کو دور کرنے کے لیے برگد کے پتّے حسب ضرورت لے کر انہیں پانی میں جوش دیں اور بطریق معروف ان کا رُب بنا کر چینی آمیز کر کے دن میں تین بار تھوڑا تھوڑا چاٹیں۔ ایک ہفتہ بعد ہی فوائد ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گے۔

# رقتِ منی

(۹۴) اگر منی پتلی ہو تو وہ اولاد پیدا کرنے کے قابل نہیں ہوتی۔ اس لیے منی کو گاڑھا کرنے کی ضرورت ہے۔ اس کے لیے برگد کی کونپلوں اور گولر کی چھال

کو ہم وزن ملا کر سفوف بنا لیں۔ اور دونوں کی مجموعی مقدار کے برابر چینی آمیز کریں۔ رات سوتے وقت ۳ ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(۹۵) برگد کا پھل سایہ میں خشک کر کے ڈیڑھ تولہ کی مقدار میں لے کر دودھ نیم گرم کے ہمراہ کھائیں۔

اس سے منی گاڑھی ہو کر ضعف باہ دور ہو جاتا ہے۔

# ایک نہایت ہی لاجواب و بے عدیل تحفہ

# حبوب ممسک

## جو کہ افیون و تمام منشی اشیاء سے مبرّا ہے

موچرس ۵ تولہ لے کر چینی کے پیالہ میں رکھیں۔ اور اس پر شیر برگد اتنا داخل کریں۔ کہ ایک انگل تک اوپر آ جائے۔ پھر اس کو حفاظت سے رکھ دیں نیز چاہیئے کہ پیالہ مذکور کو کسی ململ وغیرہ کے کپڑے سے ڈھانپ دیں۔ تاکہ گرد و غبار سے محفوظ رہے۔ پھر جب شیر برگد خشک ہو جائے۔ تو اور داخل کر دیں — علیٰ ہذا القیاس کم از کم سات مرتبہ تر و خشک کریں۔ اور پھر اس کو شیر برگد کے ذریعہ ہی تین دن کھرل کریں۔ جب گولیاں باندھنے کے لائق ہو جائے۔ تو حبوب بقدر رتی رتی بنا لیں۔ اور خشک ہونے کے بعد شیشی میں سنبھال رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** — تین گھنٹہ پیشتر ایک گھڑی سے دو گھڑی تک

دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں ۔ مگر شام کے وقت نمکین چیز سے پرہیز کرائیں ۔

فوائد :۔ از حد ممسک ہے ۔ پہلی خوراک ہی اپنی جادو اثری کا کام کرتی ہے ۔ دنیا بلا افیون ممسک نسخے کی تلاش میں سرگرداں ہے ۔ یہ وہی نسخہ ہے ۔ کیونکہ منشی اشیاء بعد میں کمزور کر دیتی ہیں ۔ مگر اس سے طاقت بڑھتی ہے اور قدرتی امساک پیدا ہو جاتا ہے ۔

# عورتوں اور بچوں کی بیماریاں

عورتوں کی بے شمار بیماریوں میں سے جن جن مرضوں میں برگد مفید ثابت ہوتا ہے۔ وہ یہ ہیں:۔

## حیض کی زیادتی

(۹۸) هوالشافی:۔ برگد کے نرم پتے ۲ تولہ پاؤ بھر پانی میں گھوٹ چھان کر صبح و شام پلائیں۔ اِن شاءاللہ دو تین خوراک میں آرام ہو گا۔

## سیلان الرحم

(۹۹) هوالشافی:۔ برگد کا تازہ سبز چھلکا اُتار کر سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس میں سے ۴،۴ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں اِن شاءاللہ آرام ہو گا۔

(۱۰۰) برگد کے پتوں کا ست ایک ایک ماشہ کھلانے سے چند یوم میں سیلان الرحم سے اور بلا ناغہ کچھ عرصہ استعمال کرنے سے اِس سے پیدا شدہ تکالیف اور کمزوری وغیرہ سب دور ہو جاتی ہیں۔

# ورم رحم

(۱۰۱) رحم میں ورم ہو جانے سے عورتوں کو بہت دکھ اٹھانا پڑتا ہے۔ ورم رحم کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ نہایت مفید ہے۔ برگد کا تازہ چھلکا سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور اس سے نصف دیسی کھانڈ ملا کر رکھیں اور ہر روز صبح و شام چھ چھ ماشہ ہمراہ گرم دودھ دیں۔ یہ ورم رحم کی شرطیہ دوا ہے۔

# کمر درد

(۱۰۲) کمر درد عورتوں کو اکثر ہوا کرتا ہے۔ اس کو دور کرنے کے لیے مندرجہ ذیل نسخہ بہت مفید ہے۔

ھو الشافی:۔ برگد کی ناشگفتہ کلیاں دس عدد چوری میں ملا کر کھلایا کریں۔ اس سے کمر درد کا عارضہ بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔

(۱۰۳) کمر پر شیر برگد کا لیپ کرنے یا برگد کا دودھ بتاشہ میں رکھ کر پلانے سے بھی درد کمر رفع ہو جاتا ہے۔

# پستانوں کا ڈھیلا پن

(۱۰۴) خواتین کے پستان ان کی خوبصورتی کا مظہر ہیں۔ پستانوں کو سخت کرنے کے لیے عورتیں طرح طرح کے جتن کرتی ہیں۔ مصنوعی باڈی استعمال کرتی ہیں۔ ان کے لیے ایک نہایت سہل ٹوٹکہ درج ہے۔

ھو الشّافی:۔ ریش برگد کے باریک ریشے جن کے سرے سرخی مائل ہوں پیس لیں اور پستانوں پر رات سوتے وقت لیپ کر لیا کریں۔ چند بار کے استعمال سے پستان سخت ہو جائیں گے۔

## (۱۰۵) حمل ٹھہرانے کا نسخہ

صرف ایک ہی بار کے استعمال سے حمل قرار پا جائے گا۔ اور حمل بھی اِن شاء اللہ نرینہ ہو گا۔

حیض کے بعد عورت نہا دھو کر چار بجے شام سفوف ریش برگد ایک تولہ۔ شیر برگد چھ ماشہ ملا کر ہمراہ دودھ استعمال کرے۔ اور رات کو ہم بستر ہو۔ حمل نرینہ قرار پائے گا۔ اگر خدانخواستہ پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے ماہ استعمال کرائیں۔

## (۱۰۶) بانجھ کے اولاد

برگد کی داڑھی کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر کپڑ چھان کریں چار چار ماشہ صبح و شام گرم دودھ کے ساتھ بانجھ عورت کو حیض سے فارغ ہونے کے بعد سات دن کھلائیں۔

اِن شاء اللہ ضرور مراد پوری ہو گی۔

# بچّوں کے دست

(۱۰۷) اگر بچوں کو ہرے پیلے دست آرہے ہوں تو اس کے لیے مندرجہ ذیل نسخے استعمال کریں۔

ایک قطرہ برگد کا دودھ ایک تولہ چینی میں ڈال کر بچّے کو دن میں دو مرتبہ استعمال کرائیں۔ ان شاءاللہ پہلے ہی دن فائدہ ہوگا۔ ورنہ دوسرے دن پھر دیں اگر آؤں ساتھ آرہی ہو تو ۳ ماشہ شیر برگد بوقت صبح پئیں۔

(۱۰۸) اگر بچہ برگد کا دودھ نہ پیئے تو بغیر پلائے بھی کام چل سکتا ہے۔ بچہ کو لٹا کر اس کی ناف میں برگد کا دودھ بھر دیں اور اس کے اردگرد مالش کر دیں۔ دست بند ہو جائیں گے۔

# کشتہ جات

برگد سے کئی ایک کشتہ جات نہایت اعلیٰ
تیار ہوتے ہیں۔ ان سب کی تراکیب ذیل میں بیان
کی جاتی ہے۔

## (۱۰۹) کشتہ چاندی :

برگد کی داڑھی جو کہ بالکل خشک نہ ہو۔ بلکہ اندر سے گیلی ہو۔ پاؤ بھر لے کر خوب کوٹ لیں۔ اور موٹا کپڑا بچھا کر ایک حصہ اوپر رکھیں۔ اور ان کے اوپر سفوف سناکی ا۔تولہ ڈال کر پھر چاندی کا دونی کے برابر باریک پترہ ا تولہ رکھ کر اوپر ا۔تولہ سناء مکی اور پھر آدھ پاؤ باقیماندہ ریش برگد ڈال کر کپڑے کو ایسی ترکیب سے لپیٹیں۔ کہ دوا ملنے نہ پائے۔ پھر اس کو خوب اچھی طرح سے باندھیں۔ اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر بیس سیر اُپلوں میں ہوا سے بچا کر گڑھے کے اندر آگ دیں۔ امید تو ہے۔ کہ پہلی آگ میں بھی اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہو گا۔ ورنہ ایک دو آنچیں اور دے دیں۔ اور باریک پیس کر رکھیں۔

**شناخت :**۔ جب بے چمک ہو جائے اور ہاتھ میں نہ رڑکے تو تیار ہے۔

خوراک: ایک رتی مکھن میں۔

فوائد:۔ دافع جریان وسرعت اور مقوی باہ ہے۔

## (۱۱۰) دوسری ترکیب:

ھوالشافی:۔ برگد کے نرم ونازک پتے ایک پاؤ خوب کوٹ کر باریک کر کے نغدہ بنائیں اور اس کے درمیان ایک قرص نقرہ خالص جو روپیہ کے برابر چوڑا اور موٹا ہو رکھ دیں۔ پھر ایک تہ خشک کپڑے کی دے کر دو اپلوں کے درمیان جن کا وزن ایک ایک سیر ہو بند کر کے کسی محفوظ الہوا مقام پر رکھیں اور ایک طرف سے آگ لگائیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اسی طرح چند مرتبہ آنچ دینے سے نہایت عمدہ اور نفیس کشتہ تیار ہوتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ چاول ہمراہ مناسب بدرقہ۔

فوائد:۔ قوت باہ اور امساک کے لیے بے مثال ہے۔

## (۱۱۱) تیسری ترکیب:

ھوالشافی:۔ کشتہ مرجان ایک تولہ۔ چھٹانکی خام ایک تولہ۔ شیر برگد ۵ تولہ کھرل کریں۔

جب تمام دودھ جذب ہو جائے۔ تو لوہے کے ہاون دستہ میں ڈال کر یہاں تک کوٹیں۔ کہ یک جان ہو کر مانند موم ہو جائے۔ بعد ازاں گولیاں نخودی بنا کر ورق نقرہ چڑھالیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو گولی۔
فوائد:۔ مغلظ منی۔ دافع حرکت منی و حرکت البول۔ جریان منی۔
سیلان الرحم۔ سوزاک۔ احتلام۔ ذیابیطس کو مفید ہے۔
بقدر نصف گولی ہمراہ شربت دینے سے بچوں کے دست بند ہو جاتے ہیں۔
پیچش اور مروڑ کو بھی مفید ہے۔
(ماہنامہ الحکیم لاہور)

## (۱۱۲) کشتہ سیسہ دافع بواسیر:

سیسہ کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس پر گندھک کی چٹکی دیتے جاویں۔ اور برگد کی لکڑی سے حرکت دیتے رہیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ مگر اس کو زود اثر بنانے کے لیے ایک دن خیساندہ کونپل برگد سے کھرل کر کے آگ تین سیر اپلوں کی دیں۔
خوراک:۔ دو رتی مکھن یا بالائی میں دیا کریں۔
فوائد:۔ بواسیر خونی کی نہایت اعلیٰ دوا ہے آزما کر دیکھ لیں۔

## (۱۱۳) کشتہ سیسہ:

سیسہ کو کڑاہی میں گلائیں۔ اور بمقابلہ انولہ سیسہ کے ساٹھ عدد برگد کے پتے لے کر ایک ایک پتہ ڈال دیں۔ اور برگد کی داڑھی کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ آگ بھی برگد کی لکڑی کی جلانی چاہیے۔ جب تمام پتے جل

کہ سیسہ خاکستر ہو جائے ۔ تو اس کو ایک دن سالم کونپل برگد کے خیسانده میں کھرل کرکے کوزہ میں بند کرکے ہوا سے بچا کر تین چار سیر اپلوں کی آگ دے لیں ۔ اور کپڑے میں سے چھان لیں ۔

ترکیب استعمال :۔ ارتی مکھن یا بالائی وغیرہ میں دیں ۔

فوائد :۔ جریان ۔ سوزاک ۔ ضعف باہ کے لیے مفید ہے ۔ اور ممسک طبعی ہے ۔

# (۱۱۴) کشتہ سکہ

بواسیر خونی کا واحد علاج ۔

سکہ حسب ضرورت لے کر کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں ۔ اور ریشہ برگد سے حرکت دیتے جائیں ۔ اور گندھک آملہ سار کی چٹکی دیتے رہیں ۔ خاکستر ہونے پر اتار کر رکھ لیں ۔

دو رتی ہمراہ آب تازہ دیں ۔

# (۱۱۵) کشتہ شنگرف نمبر ا :

شنگرف کی ڈلی ایک تولہ کو پانچ تولہ برگد کے دودھ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں ۔ اور پھر ایک اتنی بڑی ہنڈیا جس میں چار سیر ریت سما سکے ۔ لے کر اس نصف تک ریت سے پر کر دیں ۔ اور اس کے درمیان ذرا سا گڑھا کر کے کھدر کے موٹے کپڑے کی دو چار تہیں کرکے گڑھے میں رکھ دیں ۔ اور اس پر شیر برگد

تازہ دس تولہ ڈال کر ٹکیہ مذکور رکھیں - اور کپڑے مذکور کی اوپر سے تہ کر دیں تاکہ ٹکیہ مذکورہ شیر بہ گرد ڈھک جائے - پھر بقیہ ہانڈی کو ریت سے پر کر دیں - اور ہانڈی کو چولہے پر رکھ کر نیچے بیری کی لکڑیوں کی پہلے ایک گھنٹہ تین لکڑیوں کی آگ دیں - اور پھر دو لکڑیوں کی تقریباً چار پہر آگ دیں - جب معلوم ہو کہ اب ریت اوپر تک خوب گرم ہو گیا ہے - تو اس پر گندم کے چند دانے ڈال کر دیکھیں - اگر وہ بریاں ہو جائیں - یا اوپر تنکا لگانے سے جل جائے تو آگ بند کر دیں - اور سرد ہونے دیں - اور پھر احتیاط سے ہانڈی کو توڑ کر شنگرف کی ٹکیہ کو نہایت آہستہ نکال لیں - تاکہ ٹوٹنے نہ پائے - دوسرے روز بجائے ہانڈی کے تانبہ کے دیگچے میں بدستور سابق پھر ریت کے درمیان رکھ کر پھر چار پہر آگ دیں اور سرد ہونے پر شنگرف کو نکال لیں - اور پیس کر رکھیں -

ترکیب استعمال :- دو چاول سے چار چاول تک مکھن یا بالائی میں رکھ کر کھلائیں -

خواص :- خون پیدا کرتا ہے اور حد درجہ مقوی باہ ہے -

## (۱۱۶) کشتہ شنگرف نہایت آسان :

یہ نسخہ ایک سنیاسی صاحب سے مولانا حکیم ہدایت اللہ صاحب کو ملا تھا - آپ نے نور اگ ہی جون کا تولہ مجھے عنایت فرما دیا - امید قوی ہے - کہ درست ہو گا - اگر فی الواقع درست ہوا تو اس کے لاجواب

ہو نے میں کیا کلام ہے۔ اکیلا ہی ہزار روپے کا ہے۔ شنگرف کی ڈلی ۲ تولہ کو مٹی کے کوزے میں ڈال کر اوپر چھ تولہ شیر برگد ڈالیں۔ اور کوزہ کو خوب گل حکمت کر کے خشک ہونے پر آدھ سیر کپڑا لپیٹ کر ہوا سے محفوظ جگہ آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید اور باوزن ہوگا۔

خوراک:۔ چار چاول سے ایک رتی تک ہمراہ مسکہ یا ملائی۔

فوائد:۔ مقوی باہ۔ مولد خون۔ محرک خون اکسیری نسخہ ہے۔

## (۱۱۷) کشتہ ہڑتال ورقی نمبرا:

ہڑتال ورقی کی ایک تولہ کی سالم ڈلی کو سات دن تک شیر مدار میں تر رکھیں۔ ہر روز نیا دودھ بدلتے رہیں۔ پھر آدھ سیر برگد کے پھلوں کا نغدہ بنا کر ان کے درمیان ڈلی مذکور رکھ کر اس پر ایک سیر پرانے کپڑے لپیٹ کر کسی مناسب جگہ ہوا سے بچا کر ایک سرے پر انگاری لگا دیں۔ سفید باوزن شگفتہ کشتہ ہو جائے گا۔

خوراک:۔ ایک رتی۔

فوائد:۔ پرانے بخار اور ضعف باہ و جگر کے لیے اکسیر صفت چیز ہے۔

## (۱۱۸) کشتہ ہڑتال ورقی نمبر۲:

مائیں دس تولہ کو خوب باریک پیس کر شیر برگد دس تولہ ملا کر نغدہ بنا

دیں۔ اور اس میں ہڑتال ورقی کی ایک ڈلی رکھ کر اوپر آدھ سیر پرانے کھدر کے کپڑے کی دھجیاں لپیٹ کر ہوا سے محفوظ جگہ رکھ کر اوپر انگاری رکھ دیں شگفتہ ہو گی۔

فوائد:۔ باہ و امساک و پرانے تپوں میں مفید ہے۔

**نوٹ:۔** شنگرف اور ہڑتال چونکہ دونوں ہی ذوی الارواح اشیاء میں سے ہیں۔ اس لیے ان کا کشتہ بنانا کوئی معمولی کام نہیں۔ لہٰذا ان کو پوری پوری احتیاط سے بنانا چاہیئے۔ اور اگر خدانخواستہ ایک مرتبہ نہ بنے تو پھر بنائیں۔

## (۱۱۹) کشتہ قلعی:۔

قلعی مصفیٰ کو کڑچھی میں گلائیں۔ بڑ کی داڑھیوں کی نرم شاخیں نا یہ خشک شدہ پیس کر اس میں تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور ریشن بوہڑ کے ڈنڈے سے گھوٹتے رہیں تاکہ قلعی سوختہ ہو کر خاکستر بن جائے۔ اس خاکستر کو شیر بوہڑ سے سحق کر کے قرص بنائیں۔ اور آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ عمل کریں۔ عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔ پیس کر رکھ دیں۔

فوائد:۔ سرعتِ انزال۔ جریان۔ سیلان رطوبت کے لیے اکسیر ہے۔

**مقدار خوراک:۔** ایک رتی مسکہ یا بتاشہ میں کھائیں۔ اگر اس ترکیب سے داخل کریں تو زیادہ مفید ہوگا۔

هوالشافی:۔ کشتہ قلعی ایک تولہ۔ شگوفہ برگ، ایک تولہ۔ مغز تخم ثمر ہندی دو تولہ۔ سپستان دو تولہ۔ موصلی سفید دو تولہ۔ آرد سنگھاڑہ ۲ تولہ۔ ثعلب مصری سات ماشہ۔ بیخ بند سات ماشہ۔ کمرکس نو ماشہ۔ مصری برابر ادویہ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ تین ماشہ سے چھ ماشہ تک یومیہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ کھائیں۔

تو فوائد میں اور بھی اضافہ ہو جائے گا۔